## سوال

(145) ہر ایک کے ساتھ صحیح کام میں تعاون کریں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس وقت جو جماعتیں اور فرقے موجود ہیں، مثلاً اخوان المسلمین کی جماعت 'تبلیغی جماعت' انصار السنۃ المحمدیہ کی جماعت 'جمعیۃ شرعیہ سلفی اور جو التکفیر والہجرۃ والے کہلاتے ہیں، یہ سب اور ان کے علاوہ اور بھی جماعتیں مصر میں موجود ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ان کے متعلق ایک مسلمان کا کیا موقف ہونا چاہیئے؟ کیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہ حدیث ان پر صادق آتی ہے کہ: ان تمام فرقوں سے الگ رہو اگرچہ درخت کی جڑچبانی پڑے، حتیٰ کہ تجھے موت آجائے اور تو اسی حال میں ہو۔'' یہ حدیث امام مسلم نے اپنی کتاب ''الصحیح'' میں روایت کی ہے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ان تمام فرقوں میں حق اور باطل 'غلط اور صحیح پایا جاتا ہے' ان میں بعض دوسروں کی نسبت حق سے زیادہ قریب ہیں، ان میں خیر زیادہ فائدہ وسیع ہے۔ آپ ان میں سے ہر ایک کے ساتھ اس کے صحیح کاموں میں تعاون کریں اور جو غلطی نظر آئے اس کے بارے میں نصیحت کریں اور مشکوک چیز کو چھوڑ کر غیر مشکوک اختیار کریں۔

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیَّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

اللجنۃ الدائمۃ۔ رکن: عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر: عبدالرزاق عفیفی، صدر عبدالعزیز بن باز فتویٰ (۱۲۲)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ**

**جلددوم - صفحہ 158**

**محدث فتویٰ**